(Urdu)

اسکیم استعمال کرنے والوں کے لیے گائڈ

Scheme User Guide

'لوکیٹا' (Locata) سے تعارف - ویسٹ لندن میں نیا مکان تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنے والا ادارہ

اسکیم پر کس طرح عمل کیا جاتا ہے

'لوکیٹا' کا ممبر کس طرح بنا جاسکتا ہے

خدمات تک مساوی رسائی - کس طرح کی مدد حاصل کی جاسکتی ہے

اگر 'شیلٹرڈ ہاؤسنگ' (sheltered housing) میں منتقل ہونا ہو تو کیا کیا جاسکتا ہے

اگر میڈیکل یا ذہنی صحت سے متعلق مسائل ہوں تو کیا کیا جاسکتا ہے

اگر گھر میں کسی کو چلنے پھرنے کے مسائل ہوں تو کیا کیا جاسکتا ہے

اگر حالات تبدیل ہو جائیں تو کیا کیا جانا چاہیئے

پراپرٹیوں کے لیے لگائی جانے والی بولیوں کے نتائج کے بارے میں معلومات کیسے حاصل کی جاسکتی ہیں

مکان کے لیے بولی لگانے کا کیا طریقہ ہے

مکان حاصل کرنے کے دیگر کون سے طریقے دستیاب ہیں

نئے مکان کا انتخاب کرنے کے پانچ طریقے

'لوکیٹا' سے تعارف - ویسٹ لندن میں نیا مکان تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنے والا ادارہ

برینٹ، ایلنگ، ہیمرسمتھ اور فلہم، ہیرو، ہلنگڈن اور ہاؤنسلو کی کونسلیں اب 'لوکیٹا' (Locata) کی خدمات استعمال کرتی ہیں جس کے توسط سے مکان تلاش کرنے میں مدد اور تلاش میں انتخاب کا موقعہ دیا جاتا ہے۔ 'لوکیٹا' کی خدمات اب ہاؤسنگ ایسوسیئیشنیں بھی استعمال کر رہی ہیں، جن میں 'ایلنگ فیملی'، پیراڈیم ہاؤسنگ، پی سی ایچ اے، تھیمس ویلی، ایکٹن ہاؤسنگ، شیپرڈس بُش اور 'اسٹیڈیم ہاؤسنگ ایسوسیئیشن' شامل ہیں۔

'لوکیٹا' کے ذریعے آپ کو اس بارے میں انتخاب کے اب زیادہ مواقع میسر ہیں کہ آپ کس علاقے میں رہنا چاہتے/ چاہتی ہیں۔ ماضی میں آپ کی کونسل یہ فیصلہ خود کرتی تھی کہ آپ کو کب اور کس علاقے میں مکان مہیا کیا جائے گا، لیکن اب انتخاب کا موقعہ آپ کو دیا جاتا ہے۔

کونسل یا ہاؤسنگ ایسوسیئیشن کے موجودہ کرائے دار اگر نئے مکان میں منتقل ہونا چاہیں تو وہ 'لوکیٹا' کی خدمات استعمال کر کے نیا مکان تلاش کر سکتے ہیں۔ ان میں 'ہوم سیکرز' بھی شامل ہیں، یعنی وہ لوگ جن کا نام 'ہاؤسنگ رجسٹر' میں درج ہے یا جو بے گھر ہیں۔

ہر پندرہ دن بعد 'لوکیٹا' ایک مفت میگزین شائع کرتی ہے، جس کا نام 'لوکیٹا ہوم' (Locata HOME) ہے اور جس میں کونسل اور ہاؤسنگ ایسوسیئیشنوں کے تمام میسر مکانوں کی فہرست شائع کی جاتی ہے۔ اِن اشتہار شدہ پراپرٹیوں کی تفصیل دیکھ کر آپ کو یہ فیصلہ کرنے کا موقعہ ملتا ہے کہ کیا آپ اُن پراپرٹیوں میں سے کس پراپرٹی کے لیے اپنا انتخاب کروانا چاہتے/ چاہتی ہیں۔ کسی پراپرٹی میں اپنی دلچسپی کا اظہار کرنے کے لیے آپ کو اُس پراپرٹی کے لیے بولی دینی ہوگی۔ اِس 'اسکیم یوزر گائڈ' (Scheme User Guide) یعنی اسکیم استعمال کرنے والوں کی گائڈ میں بتایا گیا ہے کہ پراپرٹیوں کے لیے کون بولی دے سکتا ہے اور بولی کس طرح دی جاتی ہے۔

نیا مکان حاصل کرنے کے لیے 'لوکیٹا' میں دی گئی کسی بھی پراپرٹی کے لیے آپ کو بولی دینی ہوگی۔ جو کونسلیں اور ہاؤسنگ ایسوسیئیشنیں 'لوکیٹا ہوم' اسکیم میں شامل ہیں وہ اپنے مکان اب اُن لوگوں کو نہیں دیتیں جنھوں نے 'لوکیٹا' اسکیم کے تحت بولی نہ لگائی ہو۔

'لوکیٹا' کے ذریعے آپ کو یہ انتخاب کرنے کا اب بہتر موقعہ ملتا ہے کہ آپ کس علاقے میں رہنا چاہتے/ چاہتی ہیں۔ اِس بارے میں بھی اب آپ کو بہتر معلومات حاصل ہو سکتی ہیں کہ آپ کے علاقے میں کس قسم کی پراپرٹیاں میسر ہیں۔

اسکیم پر کس طرح عمل کیا جاتا ہے

'لوکیٹا' اسکیم کے تحت کونسل یا ہاؤسنگ ایسوسیئیشن اب آپ کے لیے مکان تلاش کرنے اور مکان دینے کا کام نہیں کرتیں۔ اس کی بجائے اب آپ کو ''لوکیٹا ہوم' میگزین کے ذریعے اپنے لیے خود ہی مکان تلاش کرنا چاہئے۔

دستیاب مکانوں کے اشتہار مندرجہ ذیل میں شائع کیے جائیں گے:

- ہمارے مفت میگزین ''لوکیٹا ہوم' میں جو عام طور پر ہر پندرہ دن بعد شائع کیا جاتا ہے۔ اس اسکیم میں شامل ہونے والی چھ باروؤں (کونسلوں) میں 'لوکیٹا ہوم' میسر ہے جو مختلف مقامات سے حاصل کیا جا سکتا ہے، جیسے: ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹس، سوشل سروسز کے آفسوں سے، رضاکار تنظیموں اور لائبریریوں سے۔ چندے کی رقم اگر ادا کی جائے تو یہ آپ کے پتے پر بھی پوسٹ کیا جا سکتا ہے۔

- ہماری ویب سائٹ سے پر، جس کا پتہ ہے: **www.locata.org**

میگزین کی ہر اشاعت میں ایک کوپن شامل کیا جائے گا، جس کو بھر کر یا فون، ٹیکسٹ میسیج اور ''لوکیٹا' ویب سائٹ کے ذریعے زیادہ سے زیادہ تین پراپرٹیوں کے لیے بولی دی جا سکتی ہے۔

اسکیم میں شامل ہونے پر نئے ممبران کو مکمل معلومات فراہم کی جائیں گی، جس کے ساتھ کوپن بھی دیا جائے گا۔

'لوکیٹا ہوم' (Locata HOME) میں مندرجہ ذیل معلومات فراہم کی جاتی ہیں:

- ہر دستیاب مکان کے بارے میں
- ہفتہ وار کرائے سے متعلق
- مکان مالک کون ہے
- مکان کے لیے بولی دینے کا اختیار کسے ہے
- مکان کب تیار ملے گا
- کیا اُس مکان پر مختلف باروؤں (کونسلوں) میں رہنے والے بولی لگا سکتے ہیں
- مکان جس علاقے میں ہے اُس علاقے سے وابسطہ معلومات اگر دستیاب ہوئیں تو وہ بھی فراہم کی جائیں گی، مثال کے طور پر مقامی اسکول، ٹرانسپورٹ اور دکانوں کے بارے میں۔

'لوکیٹا ہوم' کا ممبر بننے کے لیے یا تو کرایہ دار یا 'ہوم سیکر' (Homeseeker) ہونا ضروری ہے [کرائے داروں میں عموماً وہ لوگ شمار کیے جاتے ہیں جن کو کسی لوکل اتھارٹی کی تحفظ شدہ کرائے داری ملی ہوئی ہے یعنی وہ اپنی لوکل اتھارٹی کے ''سیکیور ٹینینٹ' (secure tenant) ہوں یا مقامی ہاؤسنگ ایسوسیئیشن کے 'سیکیور' یا 'ایشیورڈ' (assured) ٹینٹ' یعنی یقینی کرائے داری کے حامل ہوں] ۔ ہوم سیکر میں وہ لوگ شمار کیے جاتے ہیں جو بے گھر ہیں یا دیگر لوگ جن کا نام ہاؤسنگ رجسٹر میں درج ہے۔

ہر ممبر کو کسی نہ کسی درجے (بینڈ) میں رجسٹر کیا جاتا ہے۔ رجسٹریشن کے وقت لوکل اتھارٹی یا 'لینڈ لارڈ' اپنے ممبران کو بتاتا ہے کہ اُن کا رجسٹریشن کس بینڈ میں کیا گیا ہے۔ ہر بینڈ میں درج شدہ لوگوں کو اس بنا پر ترجیح دی جاتی ہے کہ اُن کا رجسٹریشن کس تاریخ کو ہوا ہے۔

مختلف بینڈز (bands) سے متعلق خلاصہ درج ذیل ہے۔ درجہ بندی کی یہ مکمل فہرست نہیں ہے۔ تفصیلی معلومات کے لیے اُس ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کیجیے جس کے ساتھ آپ کا رجسٹریشن ہوا ہے۔ وہی ڈیپارٹمنٹ آپ کو یہ بھی بتا سکے گا کہ آپ پر اسکیم کا اطلاق کس طرح ہوگا۔

بینڈ 'اے' – Band A (امرجینسی یا نہایت اہم بنیادوں پر ترجیحی ضرورت)

- کوئی ایسی بیماری ہے جس سے آپ کی زندگی خطرے میں ہے اور موجودہ رہائشی حالات کے سبب وہ بیماری مزید سنجیدگی اختیار کرسکتی ہے، یا کوئی دیگر بحرانی صورت حال ہے جس کے سبب آپ کو اپنا گھر بدلنے کی ضرورت ہے۔
- آپ بے گھر ہیں، آپ کی ضرورت ترجیحی بنیادوں پر ہے اور آپ عارضی رہائش میں مقیم ہیں اور آپ کا مالک مکان اپنی پراپرٹی واپس لینا چاہتا ہے، یا یہ کہ عارضی رہائش آپ کی ضرورتوں کے مطابق نہیں ہے اور یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ آپ کے لیے مناسب قسم کی دیگر عارضی رہائش تلاش کی جا سکے۔
- ہاؤسنگ کے محکمے نے سوشل سروسز کی یہ سفارش مان لی ہے کہ بچوں کو گود لینے یا دوسروں کے بچوں کی پرورش کرنے کے لیے آپ کو مستقل رہائش فراہم کی جانی چاہئے۔
- آپ ایسے کرائے دار ہیں جو اگر موجودہ رہائش میں ہی رہتے رہے تو تشدد کے سبب آپ کی زندگی کو خطرہ ہے۔ یہ بات نوٹ کیجیے کہ اس کا اطلاق صرف کونسل اور ہاؤسنگ ایسوسیئیشن کے کرائے داروں پر ہی ہوتا ہے۔
- آپ فوج کے رٹائر شدہ کرائے دار ہیں جس کو کسی دوسرے مکان میں منتقل کرنے کی قانونی ذمے داری کونسل پر ہے۔
- آپ کسی ایسے مکان میں رہ رہے ہیں جو گرایا جانے والا ہے یا جس کی دوبارہ تعمیر کی جانی ہے، جس کے سبب آپ کو اپنا مکان بدلنا پڑے گا۔
- آپ ایسے کرائے دار ہیں جس کو کسی ایسی پراپرٹی میں منتقل ہونے کی ضرورت ہے جو ضرورتوں کے مطابق ڈھالی گئی ہو۔

- آپ کسی ایسی پراپرٹی میں رہ رہے ہیں جو ضرورتوں کے مطابق ڈھالی گئی تھی، لیکن اب آپ کو اُن سہولتوں کی ضرورت نہیں ہے، جب کہ کسی دیگر شخص کو ہے۔
- آپ دو یا دو سے زیادہ بیڈروم کے مکان میں رہ رہے ہیں، لیکن ایک بیڈروم کے مکان میں منتقل ہونا چاہتے ہیں، یا دو بیڈروم چھوڑ دینا چاہتے ہیں۔
- آپ کو کونسل کی کرائے داری کی جانشینی کا حق ہے اور یہ منظور کرلیا گیا ہے آپ 'اسٹوڈیو' یا ایک بیڈروم میں منتقل ہو سکتے ہیں، یا دو بیڈروم یا اُس سے زیادہ کمرے چھوڑ دینا چاہتے ہیں۔
- آپ کسی ایسی پراپرٹی میں رہ رہے ہیں جس کو لازمی طور پر بیچ دینے کا عدالتی حکم جاری کر دیا گیا ہے اور/ یا کونسل پر قانونی ذمے داری ہے کہ وہ آپ کو کسی دیگر مکان میں منتقل کرے۔

بینڈ 'بی' – Band B (فوری طور پر مکان تبدیل کرنے کی ضرورت)

- طبی یا سماجی بنیادوں پر آپ کو فوری طور پر مکان بدلنے کی ضرورت ہے، جس کے لیے آپ کے لینڈ لارڈ نے منظوری دے دی ہے۔
- ہراساں اور پریشان کیے جانے یا تشدد کی دھمکیوں کے سبب آپ کو فوری طور پر کسی دیگر رہائش میں منتقل کرنے کی ضرورت ہے (یہ بات نوٹ کیجیے کہ اس کا اطلاق صرف کونسل اور ہاؤسنگ ایسوسیئیشن کے کرائے داروں پر ہی ہوتا ہے)۔
- آپ بے گھر ہیں اور کونسل نے یہ ذمے داری قبول کر لی ہے کہ آپ کو مکان دیا جانا چاہیے اور آپ 'بیڈ اینڈ بریک فاسٹ'، ہاسٹل یا عارضی طور پر دوستوں یا رشتے داروں کے ساتھ رہ رہے ہیں۔
- آپ کرائے دار نہیں ہیں، آپ کے پاس بچہ ہے جس کی سرپرستی آپ کے ذمے ہے، آپ کے پاس اپنا بیڈروم نہیں ہے اور مکان کی دیگر سہولتیں بھی مشترکہ ہیں۔
- آپ کو 'کیئر' یا 'سپورٹیڈ ہاؤسنگ' سے منتقل ہونا ہے اور 'اسپیشل کوٹا اسکیم' کے تحت یہ بات منظور کر لی گئی ہے کہ آپ کو منتقل کیا جانا چاہیے۔
- آپ کرائے دار ہیں اور آپ کے پاس اپنی ضرورت سے بڑا مکان ہے اور آپ فاضل کمرے چھوڑ دینا چاہتے ہیں، لیکن آپ کو دو یا دو سے زیادہ بیڈروم کی پھر بھی ضرورت ہے۔
- آپ کرائے دار ہیں اور آپ کا مکان گرایا جانے والا ہے، یا قانون کی رو سے آپ ایسے مکان میں رہ رہے ہیں جہاں بہت زیادہ لوگ مقیم ہیں یعنی 'اوور کراؤڈنگ' ہے، یا یہ بات مان لی گئی ہے کہ دیگر انتظامی وجوہات کی بنا پر آپ کو مکان بدلنے کی ضرورت ہے۔
- کونسل کی کرائے داری کی جانشینی کا آپ کو حق ہے اور یہ منظور کرلیا گیا ہے کہ آپ کسی ایسی مختصر رہائش میں منتقل ہو سکتے ہیں جس میں دو یا دو سے زیادہ بیڈروم ہیں۔
- ماضی میں آپ کرائے دار رہ چکے ہیں، لیکن سابقہ کرائے داری چھوڑتے وقت کونسل نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ مستقبل میں آپ کو مکان دیا جائے گا۔

بینڈ 'سی' – Band C (تشخیص شدہ رہائشی ضرورت)

- طبی بنیادوں پر یا غیر اطمنان بخش رہائشی حالات کے سبب اگر مکان بدلنے کی ضرورت پیش آئی، مثال کے طور پر مکان میں بہت زیادہ افراد رہ رہے ہیں یا مضر صحت ماحول ہے۔
- سوشل سروسز کے ذریعے تیار کردہ 'کیئر پلان' میں یہ بات کہی گئی ہے کہ آپ کو مکان بدلنے کی ضرورت ہے، یا سوشل سروسز سے اس بات پر اتفاق کیا گیا ہے کہ سماجی تکالیف کم کرنے کے لیے مکان بدل دیا جانا چاہیے۔
- آپ عمر رسیدہ فرد ہیں جسے 'شیلٹرڈ ہاؤسنگ' میں منتقل ہونا ہے۔
- آپ بے گھر ہیں، لیکن بینڈ 'اے' یا بینڈ 'بی' میں آپ کا اندراج نہیں کیا جا سکتا۔

Band D – بینڈ 'ڈی'

- مکان تبدیل کرنے اور مکان حاصل کرنے کے دیگر تمام خواہش مند جو اوپر دیے گئے کسی بھی ترجیحی بینڈ 'اے' ، 'بی' یا 'سی' میں رجسٹر نہیں کیے جا سکتے۔

'لوکیٹا' کا ممبر کس طرح بنا جا سکتا ہے

اس اسکیم میں شامل کسی بھی لینڈ لارڈ کے اگر آپ کرائے دار ہیں اور مکان تبدیل کرنے کے لیے آپ نے رجسٹریشن کرایا ہوا ہے تو آپ کو خود بہ خود 'لوکیٹا' کا ممبر مانا جائے گا، یا اگر آپ مکان حاصل کرنے کے خواہش مند یعنی 'ہوم سیکر' ہیں اور اسکیم میں شامل کونسلوں میں سے کسی بھی کونسل کے ہاؤسنگ رجسٹر میں آپ کا نام درج ہے تو اس صورت میں بھی آپ کو خود بہ خود 'لوکیٹا' کا ممبر مانا جائے گا۔ ہوم سیکرز کے زمرے میں بے گھر افراد اور دیگر لوگ آتے ہیں۔

دیگر لوگوں کو اپنے لینڈ لارڈ یا اپنی مقامی کونسل کے ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے ہی 'لوکیٹا' کے لیے رجسٹر ہونا پڑے گا۔

خدمات تک مساوی رسائی – آپ کو کس طرح کی مدد مل سکتی ہے

ایسے درخواست گزار جو ذاتی طور پر اس طریقے پر عمل کرنے میں خود کو نا اہل پاتے ہوں یا جنہیں زبان کے مسائل ہوں اُن کے لیے مکمل تربیت یافتہ کارندے، سوشل ورکرز اور رضا کارانہ تنظیمیں موجود ہیں جو اُن کو صلاح و مشورہ اور مدد دے سکتی ہیں، تا کہ وہ بھی مکان تلاش کرنے کے لیے ''لوکیٹا ہوم' میگزین استعمال کر سکیں۔

مکان تلاش کرنے یا بدلنے کے لیے ہر ایک کو ''لوکیٹا ہوم' ہی استعمال کرنا پڑے گا۔ دستیاب مکانوں کے لیے اگر بولی نہیں لگائی گئی تو آپ کو مکان کی پیش کش (آفر) نہیں دی جائے گی۔

اگر 'شیلٹرڈ ہاؤسنگ' (Sheltered Housing) میں منتقل ہونا ہو تو کیا کیا جا سکتا ہے

'شیلٹرڈ ہاؤسنگ' ایسی رہائشوں کو کہتے ہیں جو کسی مخصوص ضرورت کو پوری کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں، جن میں خصوصاً ایسے عمر رسیدہ افراد کو رہائش دی جاتی ہے جو آزادانہ طور پر رہ سکتے ہیں اور بیشتر حالات میں اپنی ضرورتوں کو خود پوری کر سکتے ہیں۔ بیشتر 'شیلٹرڈ' اسکیموں میں ایک وارڈن یا 'شیلٹرڈ اسکیم مینیجر' ہوتا ہے جو صلاح مشورے اور مدد کے لیے اُسی عمارت میں موجود رہتا ہے۔ شیلٹرڈ ہاؤسنگ کی بولی دینے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ کی ضرورتوں کا جائزہ لے کر یہ فیصلہ کیا گیا ہو کہ آپ کو اس قسم کی رہائش درکار ہے۔ برائے مہربانی اپنے لینڈ لارڈ یا ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کر کے یہ معلوم کیجئے کہ آپ کو اس قسم کی رہائش حاصل کرنے کا اختیار ہے یا نہیں یا اس درجے میں کس قسم کی رہائشیں دستیاب ہیں۔

اگر میڈیکل یا ذہنی صحت کے مسائل ہوں تو کیا کیا جا سکتا ہے

آپ کو یا آپ کے گھر میں کسی دیگر فرد کو طبی یا ذہنی مسائل ہوں یا مخصوص حالات کے سبب دیگر سہولتیں درکار ہوں تو آپ کو ایک فارم بھرنا پڑے گا جسے 'میڈیکل سیلف اسیسمنٹ فارم' (medical self-assessment form) یعنی خود تشخیصی فارم کہتے ہیں۔ اس فارم میں یہ پوچھا جاتا ہے کہ آپ کو کس قسم کے طبی مسائل ہیں اور موجودہ رہائشی حالات میں وہ مسائل کس طرح سنگین ہوئے ہیں، اور آپ کو کس لیے اپنا مکان تبدیل کرنا ہے۔ ڈاکٹر سے طبی مسائل کی بابت خط لینا ضروری نہیں ہے۔ ہمارا میڈیکل ایڈوائزر آپ کی درخواست پر غور کر کے یہ فیصلہ کرے گا کہ مکان بدلنے سے کیا آپ کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے اور اگر ہو سکتا ہے تو آپ کو کتنی جلدی مکان بدلنے کی ضرورت پیش آئے گی۔

اگر گھر میں کسی کو چلنے پھرنے کے مسائل ہوں تو کیا کیا جا سکتا ہے

'میڈیکل سیلف اسیسمنٹ فارم' (medical self-assessment form) بھرتے وقت آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کو یا گھر میں کسی دیگر فرد کو چلنے پھرنے یا سیڑھیاں چڑھنے کے ایسے مسائل ہیں جن کا اثر اس بات پر پڑتا ہو کہ آپ کو کس قسم کی پراپرٹی کی پیش کش (آفر) کی جانی چاہیئے۔ مثال کے طور پر آپ کی فیملی کا کوئی فرد اگر وھیل چیئر استعمال کرتا ہے تو یہ انتظام کیا جا سکتا ہے کہ ایک 'آکیوپیشنل تھیراپسٹ' (Occupational Therapist) یعنی طبی مسائل کے پیشِ نظر رہائشی ضرورتوں کا جائزہ لینے والا آپ سے ملاقات کر کے یہ دیکھ سکتا ہے کہ فیملی کی رہائشی ضرورتیں کس قسم کی ہیں۔

اگر اس بات پر اتفاق ہوا کہ مخصوص ضرورتوں کے تحت مکان میں ردوبدل کی ضرورت ہے تو آپ کو مندرجہ ذیل درجوں میں سے کسی ایک درجے میں رجسٹر کیا جا سکتا ہے:

- موبلٹی گروپ ۱ (Mobility Group 1) – گھر کے اندر اور باہر وھیل چیئر استعمال کرنے والے۔
- موبلٹی گروپ ۲ (Mobility Group 2) – وہ لوگ جو زینے پر نہیں چڑھ سکتے یا زینے نما چڑھائی نہیں کر سکتے اور جو کبھی کبھی وھیل چیئر استعمال کر سکتے ہیں۔
- موبلٹی گروپ ۳ (Mobility Group 3) – وہ لوگ جو زینے کی صرف ایک یا دو سیڑھیاں ہی چڑھ سکتے ہیں یا دو ایک قدم ہی چل سکتے ہیں۔

جس موبلٹی گروپ میں آپ کو رکھا گیا ہے اُس موبلٹی گروپ سے متعلق پراپرٹیوں کی نشان دہی اشتہارات میں کی جائے گی۔ ایسی پراپرٹیوں کے حوالے سے عام طور پر انہیں لوگوں کو ترجیح دی جاتی ہے جن کا تعلق آپ کے موبلٹی گروپ سے ہے۔

اگر حالات تبدیل ہو جائیں تو کیا کیا جانا چاہیئے

گھریلو، طبی یا رہائشی حالات میں تبدیلی آنے پر اپنی کونسل یا ہاؤسنگ ایسوسیئشن کو اطلاع دینا ضروری ہوگا۔ یہ نہایت اہم نکتہ ہے، کیوں کہ تبدیلی کے سبب وہ بینڈ بدلا جا سکتا ہے جس بینڈ میں آپ رجسٹر ہیں یا کچھ قسم کے مکان ملنے کا اختیار بھی متاثر ہو سکتا ہے۔

مکان کے لیے بولی کس طرح لگائی جائے

'لوکیٹا ہوم' (Locata HOME) کی ہر اشاعت میں مشتہر کی جانے والی پراپرٹیوں میں سے زیادہ سے زیادہ تین پراپرٹیوں کے لیے بولی لگائی جا سکتی ہے، جس کے لیے کوپن بھریں، فون کریں یا ٹیکسٹ میسیج بھیجیں۔ آن لائن بھی بولی لگائی جا سکتی ہے، جس کے لیے آپ کو "Make Your bid" پیج پر جانا ہوگا۔ وصول ہونے والی تمام بولیوں کو تب 'لوکیٹا' کے کارندے پراپرٹیوں سے ملا کر یہ دیکھتے ہیں کہ بولی لگانے والا اُس پراپرٹی کو حاصل کرنے کا اختیار رکھتا ہے یا نہیں۔ اختیار رکھنے والے تمام درخواست گزاروں کو تب ترجیح کی بنیاد پر مرتب کیا جاتا ہے، جن کی ایک 'شارٹ لسٹ' (چنیدہ فہرست) لینڈ لارڈ کو روانہ کر دی جاتی ہے۔

انٹرنیٹ ویب سائٹ کے ذریعے بولی لگانا

1	اپنا انٹرنیٹ براؤزر کھولیں اور اِس ویب سائٹ پر جائیں	www.locata.org
2	'لاگ اِن' ('login') لِنک پر کلک کریں	ایسا کرنے سے آپ لاگ اِن اسکرین پر پہنچ جائیں گے
3	اپنی 'بارو' کے نام کے پہلے تین حروف سلیکٹ کریں اور پھر اپنے LIN نمبر میں دیئے گئے ہندسے ٹائپ کریں۔	مثال کے طور پر اگر آپ ایلنگ کے ممبر ہیں جن کا LIN نمبر EAL12345 ہے تو پہلے آپ "EAL" اُس فہرست سے سلیکٹ کریں گے جو سائٹ پر دی گئی ہے اور جسے 'ڈراپ ڈاؤن لسٹ' کہتے ہیں۔ پھر اُس کے آگے دی گئی جگہ پر "12345" ٹائپ کریں گے۔
4	تاریخ پیدائش کے لیے بنائی گئی جگہ پر اپنی پیدائش کی تاریخ لکھیں	مثال کے طور پر 31 Jan 1960
5	تاریخ پیدائش لکھنے کے بعد آپ ممبروں کے پیج پر پہنچ جائیں گے۔ اس پیج سے آپ پراپرٹیاں تلاش کر سکتے ہیں۔ فری شِیٹ کو ڈاؤن لوڈ کر کے اپنی بولی لگائیں۔ بولیاں لگانے کے لیے 'Bid for properties' لِنک پر کلک کریں۔	ایسا کرنے سے آپ بولی لگانے والے پیج پر پہنچ جائیں گے
6	بولی لگانے کے لیے تین ہندسوں والا پراپرٹی کا حوالہ نمبر اُس خالی جگہ پر ٹائپ کریں جو 'Bid 1' 'Bid 2' اور 'Bid 3' کے آگے دی گئی ہے	مثال کے طور پر اگر آپ تین پراپرٹیوں کے لیے بولی لگا رہے ہیں جن کا حوالہ نمبر 428، 387 اور 621 ہے تو 'Bid 1' کے آگے 428 ٹائپ کریں۔ 'Bid 2' کے آگے 387 اور 'Bid 3' کے آگے 621 ٹائپ کریں۔
7	'Submit Bids' بٹن پر کلک کریں	
بولی لگانے کا کام مکمل ہوا۔		

ٹیکسٹ میسیج کے ذریعے بولی لگانا

	کیا کرنا ہوگا	اُس کی مثال
1	بولی لگانا شروع کرنے کے لیے:	نیا ٹیکسٹ میسیج کھولیں
2	فون کے بٹنوں کے ذریعے اپنا LIN نمبر لکھیں:	BRE12345
3	اس کے فوراً بعد 'ہیش مارک' (#) دبائیں:	BRE12345#
4	اشتہار میں پہلی پراپرٹی کا جو حوالہ (ریفرینس) نمبر دیا گیا ہے اب وہ لکھیں اور اس کے فوراً بعد ہیش مارک (#) لکھے دبائیں:	BRE12345#456#
	اگر بولی لگانے کا کام مکمل ہو گیا ہے تو میسیج بھیج دیں۔ اگر نہیں تو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں	
5	اب آپ کو اپنی دوسری پراپرٹی کا حوالہ نمبر لکھنا ہوگا، جس کے فوراً بعد ہیش مارک (#) لکھنا ہوگا:	BRE12345#456#491#
	اگر بولی لگانے کا کام مکمل ہو گیا ہے تو میسیج بھیج دیں۔ اگر نہیں تو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں	
6	اب آپ کو اپنی تیسری پراپرٹی کا حوالہ نمبر لکھنا ہوگا، جس کے فوراً بعد ہیش مارک (#) ٹائپ کریں	BRE12345#456#491#444#
7	اپنی پسندیدہ پراپرٹیوں کے لیے جب بولی لگا چکیں تو اپنا ٹیکسٹ میسیج بھیج دیں:	"Send"
8	بولی بھیجنے کے لیے جو نمبر ڈائل کیا جائے گا وہ ہے:	**07800 140767**

- بیشتر موبائل کمپنیاں 'ایس ایم ایس' (SMS) ٹیکسٹ میسیج کے لیے تقریباً دس پینس چارج کرتی ہیں۔
- اپنے پیغام میں ہندسے (نمبر) شامل کرنے کے لیے بٹنوں کو دباتے رہیں۔ جب مطلوبہ نمبر ظاہر ہو تو اس کو سلیکٹ کر لیں۔
- 'ہیش' (#) کا نشان حاصل کرنے کے لیے بیشتر موبائل فونوں میں پہلے 'اسٹار' (*) والا بٹن دبانا ہوتا ہے۔ پھر 'ہیش' (#) کا نشان سلیکٹ کریں۔
- بولی لگانے کے لیے چھوٹے (lower case) اور بڑے (upper case) حروف لکھے جا سکتے ہیں۔
- پیغام کو بھیجنے سے پہلے اپنا LIN نمبر اور پراپرٹیوں کا حوالہ نمبر ایک بار پھر چیک کر لیں۔

ٹیلی فون کے ذریعے بولی لگانا

	کیا کرنا ہوگا	اُس کی مثال
1	بولی لگانا شروع کرنے کے لیے	0906 294 2012 ڈائل کریں
2	آپ کو یہ پیغام انگریزی میں سنائی دے گا:	" Welcome to the Locata Property Line, Please select the Borough or RSL you are registered with from the following list." ’’لوکیٹا پراپرٹی لائن پر آپ کا خیر مقدم ہے۔ نیچے دی گئی فہرست میں سے برائے مہربانی اُس بارو یا ہاؤسنگ ایسوسیئشن کو چنیں جس کے ساتھ آپ رجسٹرڈ ہیں‘‘۔
	نمبر 1 دبائیں نمبر 2 دبائیں نمبر 3 دبائیں نمبر 4 دبائیں نمبر 5 دبائیں نمبر 6 دبائیں نمبر 7 دبائیں	برینٹ کے لیے (For Brent) ایلنگ کے لیے (For Ealing) ہیرو کے لیے (For Harrow) ہلنگڈن کے لیے (For Hillingdon) ہاؤنسلو کے لیے (For Hounslow) ایلنگ فیملی ہاؤسنگ ایسوسیئشن کے لیے (For Ealing Family Housing Association) پی سی ایچ اے کے لیے (For PCHA)
3	تب آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	" Thank you. Please enter the number section of your LIN number." ’’شکریہ۔ برائے مہربانی اپنے LIN نمبر سے صرف ہندسوں والا حصہ ڈائل کریں‘‘۔
4	اب آپ اپنے LIN نمبر میں دیے گئے صرف ہندسے (نمبر) ڈائل کریں۔ صحیح نمبر ڈائل کرنے پر آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	" Thank you. Please enter the day number of your birth date" ’’ شکریہ۔ اپنی پیدائش کی تاریخ کا دن نمبر ڈائل کریں‘‘۔ مثال کے طور پر اگر تاریخِ پیدائش 16/04/60 ہے تو نمبر 16 ڈائل کریں۔ تاریخِ پیدائش اگر 08/01/58 ہے تو نمبر 08 ڈائل کریں (اکیلے نمبر کے ساتھ سفر (0) ڈائل کرنا ضروری ہے۔ تاریخِ پیدائش اگر 23/06/31 ہے تو 23 ڈائل کریں
5	اب آپ کو اپنی پیدائش کی تاریخ سے دن کا نمبر ڈائل کرنا ہوگا۔ صحیح نمبر ڈائل کرنے پر آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	" Thank you. Please enter your first property reference bid number " ’’شکریہ۔ پہلی پراپرٹی کا حوالہ (ریفرینس) نمبر ڈائل کریں‘‘۔
6	اگر آپ نے پراپرٹی کا صحیح حوالہ (ریفرینس) نمبر ڈائل کیا ہے تو آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	" Thank you. If you would like to add an additional bid, press 1 or press 2 to complete your bids." ’’ شکریہ۔ اگر آپ مزید بولی لگانا چاہتے ہیں تو اپنی بولی مکمل کرنے کے لیے 1 یا 2 ڈائل کریں‘‘۔

" Please enter your second property bid number or press the star key to complete your bidding." ''برائے مہربانی دوسری پراپرٹی کا حوالہ (ریفرنس) نمبر ڈائل کریں، یا بولی مکمل کرنے کے لیے اسٹار (*) والا بٹن دبائیں۔	اگر آپ نے 1 ڈائل کیا ہے تو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	7
" If you would like to add an additional bid, please press 1 now or press 2 to complete your bidding." '' اگر آپ مزید بولی لگانا چاہتے ہیں تو اپنی بولی لگانے کے لیے اب 1 ڈائل کریں، یا بولی ختم کرنے کے لیے 2 ڈائل کریں''۔	اگر آپ نے دوسری پراپرٹی کا صحیح حوالہ (ریفرنس) نمبر ڈائل کیا ہے تو آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	8
" Thank you for bidding on the Locata Property line." '' لوکیٹا پراپرٹی لائن پر بولی لگانے کے لیے شکریہ''۔	بولی ختم کرنے پر آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	9
	نمبر ڈائل کرنے میں غلطی ہونے پر آپ کو کچھ ہدایتیں سنائی دیں گی، جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:	
" I am sorry, the LIN number you have entered is not recognised. Please try again." ''معذرت۔ جو LIN نمبر آپ نے ڈائل کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ برائے مہربانی پھر سے نمبر ڈائل کریں''۔	نمبر ڈائل کرنے میں اگر غلطی ہو گئی ہے تو آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	10
	اِس صورت میں نمبر پھر سے ڈائل کریں اور جانچ کر لیں کہ نمبر صحیح ہے۔	
" I am sorry, the LIN number you have entered is not found. Please check with your registering partner and call again." ''معذرت۔ جو LIN نمبر آپ نے ڈائل کیا ہے وہ نہیں مل سکا۔ جس تنظیم کے ساتھ آپ رجسٹر ہیں اُن سے صحیح نمبر معلوم کریں اور دوبارہ ہم سے رابطہ کریں''۔	نمبر ڈائل کرنے میں اگر پھر سے غلطی ہو گئی ہے تو آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	11

کوپن کے ذریعے بولی لگانا

آپ کے کوپن پر آپ کا نام اور LIN یعنی 'لوکیٹا' کا شناختی نمبر چھپا ہوا ہے۔ برائے مہربانی چیک کرلیں کہ یہ کوائف صحیح ہیں۔	دوسرے کالم میں دیے گئے حوالہ نمبر کے دوسرے متعلقہ ہندسے (نمبر) پر X کا نشان لگائیں۔
ہر مفت اشاعت کے ذریعے زیادہ سے زیادہ تین پراپرٹیوں کے لیے بولی لگائی جاسکتی ہے۔	تیسرے کالم میں دیے گئے حوالہ نمبر کے تیسرے متعلقہ ہندسے (نمبر) پر X کا نشان لگائیں۔
ہر پراپرٹی کے لیے تین ہندسوں کا ایک حوالہ نمبر ہوتا ہے، جو اُس پراپرٹی کے اشتہار میں لکھا ہوتا ہے۔ یہ اشتہار مفت 'لوکیٹا ہوم' (Locata HOME) میں شائع ہوتے ہیں۔	مفت (Locata HOME) 'لوکیٹا ہوم' کی جس اشاعت سے آپ بولی لگا رہے ہیں اُس اشاعت کی تاریخ لکھئے۔ یہ تاریخ 'لوکیٹا ہوم' کے پہلے صفحے پر لکھی ہوتی ہے۔
مثال کے طور پر اگر آپ ایسی پراپرٹیوں کے لیے بولی لگا رہے ہیں جن کا تین ہندسوں والا حوالہ نمبر 456، 491 اور 444 ہے تو کوپن اُس نمونے کے مطابق بھرنا ہوگا جو سامنے دکھایا گیا ہے۔ پہلے کالم میں دیے گئے حوالہ نمبر کے پہلے متعلقہ ہندسے (نمبر) پر X کا نشان لگائیں۔	اپنا کوپن بذریعہ پوسٹ 'لوکیٹا' کو بھیجیں۔ کوپن پر پتہ پہلے ہی سے درج ہے، لیکن آپ کو ڈاک ٹکٹ لگانا پڑے گا۔

اس اشاعت میں دی گئی پراپرٹیوں کے لیے بولی اُس تاریخ تک مل جانی چاہئے جو پہلے صفحے پر لکھی گئی ہے۔ برائے مہربانی اپنا کوپن کالی یا نیلی سیاہی والے پین سے بھریں۔

3	0	0	4	0	4
D	D	M	M	Y	Y

	بولی نمبر 1	بولی نمبر 2	بولی نمبر 3
1	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☒	☐ ☐ ☐
2	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐
3	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐
4	☒ ☐ ☐	☒ ☐ ☐	☒ ☒ ☒
5	☐ ☒ ☐	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐
6	☐ ☐ ☒	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐
7	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐
8	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐
9	☐ ☐ ☐	☐ ☒ ☐	☐ ☐ ☐
0	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐	☐ ☐ ☐

پراپرٹی نمبر 456   پراپرٹی نمبر 491   پراپرٹی نمبر 444

اوپر دیے گئے نمونے کے مطابق اپنا کوپن بھریں

فون کے ذریعے اپنے کوپن کا آرڈر دینا

1	کوپن کا آرڈر کرنے کے لیے ڈایل کریں:	**0906 294 2013**
2	آپ کو یہ پیغام انگریزی میں سنائی دے گا: نمبر 1 دبائیں نمبر 2 دبائیں نمبر 3 دبائیں نمبر 4 دبائیں نمبر 5 دبائیں نمبر 6 دبائیں نمبر 7 دبائیں	" Welcome to the Locata Coupon line. Please select the Borough or RSL you are registered with from the following list." ''لوکیٹا' کوپن لائن پر آپ کا خیر مقدم ہے۔آگے دی گئی فہرست میں سے برائے مہربانی اُس بارو یا ہاؤسنگ ایسوسیئیشن کو چنیں جس کے ساتھ آپ رجسٹرڈ ہیں''۔ برینٹ کے لیے (For Brent) ایلنگ کے لیے (For Ealing) ہیرو کے لیے (For Harrow) ہلنگڈن کے لیے (For Hillingdon) ہاؤنسلو کے لیے (For Hounslow) ایلنگ فیملی ہاؤسنگ ایسوسئیشن کے لیے (For Ealing Family Housing Association) پی سی ایچ اے کے لیے (For PCHA)
3	تب آپ کو یہ پیغام انگریزی میں سنائی دے گا:	" Thank you. Please enter the number section of your LIN number." ''شکریہ۔برائے مہربانی اپنے LIN نمبر سے صرف ہندسوں والا حصہ ڈایل کریں''۔
4	اب آپ اپنے LIN نمبر میں دیے گئے صرف ہندسے (نمبر) ڈایل کریں۔صحیح نمبر ڈایل کرنے پر آپ کو انگریزی میں یہ پیغام سنائی دے گا:	" Thank you. Please enter the day number of your birth date" '' شکریہ۔اپنی پیدائش کی تاریخ کا دن نمبر ڈایل کریں''۔ مثال کے طور پر اگر تاریخ پیدائش 16/04/60 ہے تو نمبر 16 ڈایل کریں۔ تاریخِ پیدائش اگر 08/01/58 ہے تو نمبر 08 ڈایل کریں (اکیلے نمبر کے ساتھ سفر (0) ڈایل کرنا ضروری ہے)۔ تاریخِ پیدائش اگر 23/06/31 ہے تو 23 ڈایل کریں۔

پراپرٹی کے لیے لگائی جانے والی بولیوں کے نتائج کے بارے میں معلومات کیسے حاصل کی جاسکتی ہیں

کرائے پر چڑھائی جانے والی تمام پراپرٹیوں کی فہرست 'لوکیٹا ہوم' (Locata HOME) میگزین کے اُس حصے میں دی جاتی ہے جسے 'فیڈ بیک سیکشن' (feedback section) کہتے ہیں۔ ہر پراپرٹی کے لیے بولی لگانے والوں کی تعداد، پراپرٹیوں کا بینڈ اور کامیاب بولی لگانے والے کی رجسٹریشن تاریخ کے بارے میں 'فیڈ بیک سیکشن' میں تفصیلات دی جاتی ہیں۔اِس معلومات کی بنیاد پر آپ یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کامیاب ہونے والوں کے مقابلے میں آپ کی اپنی ترجیحی حیثیت کس مقام پر ہے، جس کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ اگر آپ جلدی ہی دوسری رہائش میں جانا چاہتے ہیں تو کیا آپ کو وہ علاقہ یا پراپرٹی کی قسم بدل دینی چاہئے جو آپ کی ترجیحات میں ہیں۔

نئے مکان کا انتخاب کرنے کے پانچ مرحلے

پہلا مرحلہ - ممبر شپ

ممبر شپ حاصل کیجئے، چاہے آپ مکان کی تبدیلی کے خواہش مند موجودہ کرائے دار ہوں، فی الحال بے گھر ہوں، پرائیویٹ مکان میں کرائے دار ہوں، خود اپنے مکان میں رہتے ہوں یا اپنی فیملی یا دوستوں کے ساتھ رہتے ہوں۔

دوسرا مرحلہ - رجسٹریشن

آپ کی مقامی کونسل یا ہاؤسنگ ایسوسیئشن تحریری طور پر آپ کے رجسٹریشن کی تصدیق کرے گی اور یہ بھی بتائے گی کہ آپ کو کس درجے (بینڈ) میں رجسٹر کیا گیا ہے۔

تیسرا مرحلہ - انتخاب کرنا

ہمارا مفت رسالہ 'لوکیٹا ہوم' (Locata HOME) آپ کو کئی مقامات سے مل سکتا ہے۔ اپنی پسند کے مکانوں کے بولی دینے کے لیے آپ کئی طریقے اختیار کر سکتے ہیں، جن میں کوپن، ٹیلیفون، ٹیکسٹ میسیج اور ہماری ویب سائٹ شامل ہیں۔

چوتھا مرحلہ - آفر (پیش کش)

آپ کی بولی اگر سرفہرست ہے تو آپ کی لوکل کونسل یا ہاؤسنگ ایسوسیئشن رابطہ کر کے آپ کو پراپرٹی دکھانے کا انتظام کرے گی۔

پانچواں مرحلہ - بولی کے نتائج کے بارے میں معلومات

'لوکیٹا ہوم' میں یہ معلومات شائع کی جائیں گی کہ پچھلی اشاعت کے ذریعے کتنے لوگوں نے پراپرٹیوں کے لیے درخواستیں دی تھیں۔

مکان حاصل کرنے کے دیگر کون سے طریقے دستیاب ہیں

ویسٹ لندن میں مکانوں کی بڑی قلت ہے۔ اس وجہ سے یہ اسکیم ہر شخص کے رہائشی مسائل حل نہیں کر سکتی۔ بیشتر ممبران کو مکان کی تبدیلی یا مکان حاصل کرنے کے لیے کافی لمبا انتظار کرنا پڑ سکتا ہے، لیکن جو لوگ بینڈ 'سی' یا بینڈ 'ڈی' میں ہیں اُن کے لیے اس بات کا امکان بہت ہی کم ہے کہ وہ اپنے مقامی علاقے میں مکان حاصل کر سکیں۔ عوام کو انتخاب کے زیادہ موقع فراہم کرنے کے لیے ہم اُن مکانوں کو بھی مشتہر کریں گے جو لندن سے باہر ہیں، مثال کے طور پر مڈلینڈز کے مکان، جہاں پر مانگ کم ہے۔ اِن کے علاوہ ویسٹ لندن کے وہ مکان بھی مشتہر کیے جائیں گے جو 'شیئرڈ اونرشپ' (shared ownership) یعنی مشترکہ ملکیت کے مکان کہلاتے ہیں۔ 'لوکیٹا ہوم' رسالے میں اب کرایوں پر چلنے والے پرائیویٹ سیکٹر کے مکانوں کے اشتہار بھی شروع کیے جا رہے ہیں۔

لینڈ لارڈ سے رابطے کی تفصیل

لینڈ لارڈ سے رابطے کی تفصیل	فون نمبر
London Borough of Brent Mahatma Gandhi House 34 Wembley Hill Road Wembley, Middlesex, HA9 8AD	020 8937 2000
London Borough of Ealing Housing Resource Centre Town Hall Annexe New Broadway London W5 2BY	020 8825 7274

London Borough of Harrow	خاندانی نام کا پہلا حرف	فون نمبر	
Youngmans 2 Building	A to Cg	020 8424 1116	
PO Box 65	Ch to G	020 8863 5611	ایکسٹنشن 3870
Civic Centre	H to Lg	020 8424 1706	
Station Road	Lh to O	020 8424 1115	
Harrow, Middlesex	P to Sg	020 8863 5611	ایکسٹنشن 3738
HA1 2XG	Sh to Z	020 8863 5611	ایکسٹنشن 3663

ای میل:locatahelp@harrow.gov.uk

London Brough of Hillingdon	01895 250 328
Housing Services	01895 277 779
Civic Centre	01895 250 147
High Street	01895 250 389
Uxbridge, Middlesex UB8 1UW	

ای میل: nmailbox@hillingdon.gov.uk

London Brough of Hounslow	020 8583 3815
The Civic Centre	020 8583 4405
Lampton Road	
Hounslow TW3 4DN	

Ealing Family Housing Association St James House 105-113 Broadway West Ealing, London W13 9BE ای میل:csc.queries@chq.org.uk	020 8621 9898
Paradigm Housing Group 1 White Hill Chesham Bucks HP5 1AB	0845 845 5517
PCHA Housing Association 324 Harrow Road London W9 2HP	020 8537 4537